کی ترتیب و تدوین اور معیار میں بڑی بہتری آئی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ میرے شاگرد سے اللہ دین کی اشاعت کا کام لے رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کامیابی میں امام الہند حضرت مولانا ابوالکلامؒ اور مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ سے آپکی محبت اور عقیدت کا بڑا عمل دخل ہے۔ آپ کیلئے ہر وقت دعا گو رہتا ہوں۔

سینیٹر (مولانا قاری) محمد عبداللہ' بنوں۔ نائب امیر جمعیت علماء اسلام صوبہ سرحد۔ وسابق مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

انٹرنیشنل فلاحی و مذہبی ادارہ سالٹ کے پریذیڈنٹ ڈاکٹر اینڈریو وان نے دارالعلوم کی مہمانوں کی کتاب میں یہ تاثرات انگلش میں قلمبند کیے اس کا ترجمہ اور تلخیص نذر قارئین ہے:

''اس عظیم امتیازی جگہ کا یہ میرا پہلا دورہ ہے۔ نوجوان نسل کے لئے ازراہ کرم اس تعلیم کو مستقبل میں جاری رکھیں۔ خدا ہم سے یقین کی راہ پر مزید تعلیم دلوانا چاہتا ہے۔ یہ دنیا بہت بڑی ہے اور ہولناک واقعات کا سامنا ہے۔ مگر ہم اس کیلئے کچھ کر سکتے ہیں۔ خدا آپ کی بخشش فرمائے۔'' (ڈاکٹر اینڈریو وان' ہالینڈ)

صوبہ سرحد کے معروف اخبار روزنامہ ''جہاد'' پشاور کے اداریہ میں ماہنامہ ''الحق'' کا اعتراف اور تحسین:

ماہنامہ ''الحق'' کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بعض دوسرے دینی مدارس کے ماہناموں کی طرح ادھر ادھر سے مضامین کی بھرمار نہیں ہوتی بلکہ اس میں ہر مہینے نہایت پر مغز مقالے' سیاسی تبصرے اور دینی مسائل و مضامین موجود ہوتے ہیں جو وقت کے دھارے کے ساتھ قارئین کے دلوں کو گرماتے ہیں اور ان کی دینی' ذہنی و سیاسی معاملات کے بارے میں صحیح رہنمائی کرتے ہوئے انہیں حالات حاضرہ سے بھی باخبر رکھتے ہیں ان کے ادبی ذوق کو جلا بخشتے ہیں تاریخ' تہذیب و تمدن اور دیگر مروجہ علوم و فنون کے بارے میں ان کی تشنگی بجھاتے ہیں

محترم المقام جناب شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' مزاج بخیر۔ ۷/دسمبر ۲۰۰۵ء رات آٹھ بجے بی بی سی نے اسلامی ممالک کی تنظیم مکہ مکرمہ کے اجلاس کی افتتاحی کاروائی نشر کی۔ اس پر آپ کا انٹرویو اور تبصرہ بھی نشر کیا گیا ہے۔ جو کہ عین حدیث نبوی ﷺ کے فرمان اقدس کے مطابق تھا۔ افضل الجہاد (کلمۃ حق عند سلطان جائر)۔ آپ کا یہ کلمہ حق ان بزدل اور ڈرپوک حکمرانوں نے بھی سنا ہوگا جبکہ دنیا عالم کے مسلمانوں نے سنا ہے۔ بلاشبہ یہ آپ کی حق گوئی اور صداقت امت محمدیہ کی صحیح ترجمانی ہے۔ احقر آپ کی حق گوئی اور جرات کو سلام پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔ بڑھاپے جسمانی اور دماغی کمزوری ہے۔ آپ کا نیازمند

(عبدالرشید مغل) بھیرہ' ضلع سرگودھا